سوال

(395) علالت کی وجہ سے مقلدین کے پیچھے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازی بیمار یا کمزور ہے یا موسم شدید ہے اہلِ حدیث کی مسجدیں دور ہیں۔ مقلدین حنفی دیوبندی کی مسجد قریب ہے ان حالات میں نمازی کو حنفی، دیوبندی امام کے پیچھے (باجماعت) نماز پڑھنے کو ترجیح دینا چاہیے یا اکیلے اپنے گھر یا دوکان میں نماز پڑھنے کو۔ یادرہے کہ عام نمازی کو دیوبندی امام یا مقتدی، منفرد یا باجماعت نماز پڑھنے سے نہ منع کرتے ہیں نہ کوئی رکاوٹ و بحث کرتے ہیں مگر اس خاص نمازی کو انھوں نے کہہ رکھا ہے کہ جب آپ ہماری مسجد میں آکر یا ہمارے پیچھے نماز پڑھیں تو ہماری طرح پڑھا کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسنون طریقہ سے بامر مجبوری دیوبندی امام کی اقتداء میں نماز پڑھی جا سکتی ہے، لیکن اصل یہ کہ باجماعت نماز کا اہتمام علیحدہ کیا جائے۔ چاہے وہ گھر میں ہو یا کسی اور مناسب مقام پر۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 357

محدث فتویٰ